پاکستان سکول عیسیٰ ٹاؤن مملکتِ بحرین

آن لائن معاونت اور تعلمی مواد برائے تعلیمی سال 2020ء-21ء

جماعت۔ نہم	مضمون۔ اُردو لازمی	کتاب کا نام۔ اُردو لازمی
سبق کا نام۔ مرزا غالب کے عادات و خصائل	صفحہ نمبر۔ 7 تا 13	پہلی سہ ماہی

1۔ مختصر جواب دیں۔

(الف) مرزا غالب کیسے اخلاق کے مالک تھے؟

جواب: مرزا غالب کے اخلاق نہایت وسیع تھے وہ ہر شخص سے جو ان سے ملنے جاتا تھا، بہت کشادہ پیشانی سے ملتے تھے جو شخص ایک دفعہ ان سے ملتا اسے ہمیشہ ملنے کا اشتیاق رہتا تھا۔

(ب) دوستوں کو دیکھ کر غالب کی حالت کیا ہوتی تھی؟

جواب: دوستوں کو دیکھ کر غالب باغ باغ ہو جاتے تھے اور ان کی خوشی سے خوش اور غم سے غمگین ہو جاتے تھے اس لیے ان کے دوست، ہر مذہب اور ملت کے، نہ صرف دلی میں بلکہ تمام ہندوستان میں بے شمار تھے۔

(ج) مرزا غالب کو کہاں کہاں سے خط آتے تھے؟

جواب: مرزا غالب کو نہ صرف دلی سے بلکہ پورے ہندوستان سے خط آتے تھے۔

(د) اکثر لوگ غالب کو کس طرح کے خط بھیجتے تھے؟

جواب: لوگ اکثر ان کو بیرنگ خط بھیجتے تھے، مگر ان کو کبھی ناگوار نہ گزرتا تھا۔ اگر کوئی شخص لفافے میں ٹکٹ رکھ کر بھیجتا تو سخت شکایت کرتے تھے۔

(ہ) سائلوں کے ساتھ مرزا غالب کو سلوک کیسا تھا؟

جواب: سائل ان کے دروازے سے خالی ہاتھ بہت کم جاتا تھا۔ ان کے مکان کے آگے اندھے، لنگڑے، لُولے اور اپاہج مرد عورت پڑے رہتے تھے۔ غدر کے بعد ان کی آمدنی کچھ اوپر ڈیڑھ سو روپے ماہوار ہو گئی تھی اور کھانے پینے کا خرچ بھی کچھ لمبا چوڑا نہ تھا مگر وہ غریبوں اور محتاجوں کی مدد اپنی بساط سے زیادہ کرتے تھے، اس لیے اکثر تنگ رہتے تھے۔

(و) دوستوں کے ساتھ مرزا غالب کا سلوک کیسا تھا؟

جواب: مرزا اپنے تمام دوستوں کے ساتھ بہت ہی اچھا رویہ رکھتے تھے۔ خاص کر وہ دوست جو گردش روزگار سے بگڑ گئے تھے، نہایت شریفانہ طور سے سلوک کرتے تھے۔ ہر ایک کے خط کا جواب لکھنا اپنے ذمہ فرض عین سمجھتے تھے۔ بیماری اور تکلیف کی حالت میں بھی وہ اخطوں کے جواب لکھنے سے باز نہ آتے تھے۔ دوستوں کی فرمائشوں سے کبھی تنگ دل نہ ہوتے تھے۔ ایک صاحب کو لکھتے ہیں: "جہاں تک ہو سکا، احباب کی خدمت بجا لایا اور اوراق اشعار دیکھتا تھا اور اصلاح دیتا تھا۔ اب نہ آنکھ سے اچھی طرح سوجھے اور نہ ہاتھ سے اچھی طرح لکھا جائے۔" ان کے بعض خالص و مخلص دوست جو ان سے طرح طرح کی فرمائشیں کرتے تھے، ہاتھ تنگ ہونے کے باوجود وہ ان کی تکمیل کرتے تھے۔

(ز) مرزا غالب کے مزاج کی خاص خوبی کیا تھی؟

جواب: مرزاغالب کے مزاج کی خاص خوبی ظرافت تھی۔ اسی وجہ سے اگر آپ کو بجائے حیوان ناطق کے حیوان ظریف کہا جائے تو بجا ہے۔ ایک دفعہ جب رمضان گزر چکا تو قلعے میں گئے۔ بادشاہ نے پوچھا: "مرزا تم نے کتنے روزے رکھے؟" عرض کیا: "پیر و مرشد! ایک نہیں رکھا"

(ح) مرزاغالب کو کون سا پھل پسند تھا؟

جواب: پھلوں میں مرزاغالب کو آم بہت پسند تھے ان کے دوست ان کو دُور دُور سے عمدہ عمدہ آم بھیجتے تھے۔ اور وہ خود بھی اپنے بعض دوستوں سے تقاضا کر کے منگواتے تھے۔

(ط) سبق "مرزاغالب کے عادات و خصائل" کس کتاب سے لیا گیا ہے؟

جواب: یہ سبق کتاب "یادگار غالب" سے لیا گیا ہے۔

(ی) سبق "مرزاغالب کے عادات و خصائل" کے مصنف کون ہیں؟

جواب: اس سبق کے مصنف مولانا الطاف حسین حالی ہیں۔

2۔ مندرجہ ذیل الفاظ و محاورات کو اپنے جملوں میں استعمال کریں۔

جواب:

الفاظ و محاورات	جملے
کشادہ پیشانی	اسلم ہر ایک سے کشادہ پیشانی سے پیش آتا ہے۔
باغ باغ ہونا	امتحان میں اول آنے کی خبر سن کر اقرا باغ باغ ہو گئی۔
مخلص	اس پر فتن دور میں مخلص دوست کا ملنا بہت مشکل ہے۔
گردشِ روزگار	گردش روزگار نے کئی نوجوانوں کو دوسرے ملکوں میں کام کرنے پر مجبور کر دیا۔
سیر ہو جانا	دعوت میں اکرم نے اتنا کھانا کھایا کہ وہ سیر ہو گیا۔
زمین میں گڑ جانا	رنگے ہاتھوں چوری پکڑے جانے پر سویرا شرم کے مارے زمین میں گڑ گئی۔

سوال نمبر 5۔ اعراب لگا کر تلفظ واضح کریں۔

جواب: اَخلاَق، مُرَوَّت، اِصلَاح، وَضع، جُرَٹ

سوال نمبر 7۔ مذکر اور مؤنث الفاظ الگ الگ کر کے لکھیں۔

مذکر	مؤنث	مذکر	مؤنث
غم، جاڑا، خط	خوشی، ظرافت، ملت	مذہب، حرف، لحاظ، ٹکٹ، حوصلہ	غزل، مروت، وضع

مختلف انداز بیان میں امتیاز کریں۔

(الف) پاکستان کو 2000 میگاواٹ بجلی کی کمی کا سامنا ہے۔ اخباری جملہ ہے

(ب) چٹھی نمبری 215/ای کے تحت، علی خدمات محکمہ تعلیم کے سپرد کی جاتی ہیں۔ دفتری جملہ ہے

(ج) قرار دیا جاتا ہے کہ فلاں ابن فلاں تعزیرات پاکستان دفعہ فلاں کے تحت فلاں جرم کا مرتکب ہوا ہے۔ قانونی جملہ ہے

(د) کمپیوٹر کا ہارڈ ویئر اس کا دماغ اور سافٹ ویئر اس کا ذہن ہے۔ تکنیکی جملہ ہے

(ہ) اگر تیرا قول صادق ہے تو شہد فائق ہے، ورنہ تھوک دینے کا لائق ہے۔ ادبی جملہ ہے

نوٹ

سوال نمبر 4، 3 اور 6 طلباو طالبات خود گھر میں دوران مطالعہ حل کریں گے۔